بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نوافل

## ماہ بہ ماہ

مرتبہ
ابو السرور محمد مسرور احمد

ماخوذ
رسالۂ رکن دین از شاہ رکن الدین الوری علیہ الرحمۃ

ادارۂ مسعودیہ، ۲/۶، ۵۔ ای، ناظم آباد، کراچی، سندھ
اسلامی جمہوریہ پاکستان
۱۴۲۱ھ / ۲۰۰۱ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نوافل

## ماہ بہ ماہ


مرتبہ

ابوالسرور محمد مسرور احمد


ماخوذ

رسالہ رکن دین از شاہ رکن الدین الوری علیہ الرحمہ


ادارہ مسعودیہ، ۶/۲، ۵۔ای، ناظم آباد، کراچی، سندھ

اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۴۲۱ھ / ۲۰۰۱ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# (1)

# نوافل محرم الحرام

## (طریقہ ادائیگی اور انعامات الٰھیّہ)

### ① ۲ر رکعت نفل:

یہ نفل محرم الحرام کی پہلی رات کو پڑھیں، ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ سلام کے بعد پڑھیں:

سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ

انعام الٰہی---اس نماز کا بہت ثواب ہے اور یہ نفل حضرت خواجہ خواجگان خواجہ بہاء الدین نقشبند رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہیں۔

### ② ٦ رکعت نفل:

یہ نفل بھی محرام الحرام کی پہلی رات کو پڑھیں، ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے دس دس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں۔

انعامِ الٰہی---اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ تبارک وتعالیٰ بہشت میں دو ہزار محل عطا فرمائے گا، ہر محل میں یاقوت کے ہزار دروازے ہوں گے، ہر دروازے پر ایک سبز زبرجد کا تخت ہوگا، اس تخت پر حوریں بیٹھی ہوں گی۔ اس نماز سے چھ ہزار برائیاں اس نمازی سے دور کی جاتی ہیں اور چھ ہزار نیکیاں اس نمازی کے نامہ اعمال میں لکھی جاتی ہیں۔

(۳) ۲ رکعت نفل:

یہ نفل بھی پہلی رات کو پڑھیں، ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ یٰسین ایک ایک مرتبہ پڑھیں۔ یہ نفل حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہیں۔

انعامِ الٰہی---ان نفلوں کا بھی یہی ثواب ہے جو اوپر ذکر کیا گیا ہے۔

(۴) ۲ رکعت نفل:

یہ نفل بھی پہلی محرام الحرام کو پڑھیں، ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں بعد سلام ہاتھ اٹھا کر اس دعا کو پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَبَدُالْقَدِيْمُ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ
اَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ
وَالْاَمَانَ مِنَ السُّلْطَانِ الْجَابِرِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ
ذِىْ شَرٍّ وَّمِنَ الْبَلَايَا وَالْاٰفَاتِ وَاَسْئَلُكَ

الْعَوْنَ وَالْعَدْلَ عَلٰی هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَۃ
بِالسُّوْٓءِ وَاَسْئَلُکَ الْاِشْتِغَالَ بِمَا یُقَرِّبُنِیْ
اِلَیْکَ یَا بَرُّ یَا رَؤُفُ یَا رَحِیْمُ یَا ذَالْجَلَالِ
وَالْاِکْرَامِ ط

انعام الٰہی ---اس نماز کو جو کوئی پڑھے گا اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے اوپر دو فرشتوں کو مقرر کر دے گا تا کہ وہ کاروبار میں اس کی مدد کریں اور اس نمازی سے مایوس ہو کر شیطان کہتا ہے کہ افسوس میں اس شخص سے پورے سال کے لئے نا امید ہوا۔

⑤ ۲ رکعت نفل:

یہ نفل ۱۰ محرم الحرام یعنی عاشورہ کی رات کو پڑھیں ، ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے تین تین بار سورہ اخلاص پڑھیں۔

انعام الٰہی --- اللہ تبارک وتعالیٰ قیامت تک اس کی قبر کو روشن رکھے گا۔

⑥ ۴ رکعت نفل:

یہ نفل بھی عاشورہ کی رات کو پڑھیں، ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ اخلاص پچاس مرتبہ پڑھیں۔

انعام الٰہی ---ان نوافل کے پڑھنے والے کے پچاس برس کے گناہ پچھلے سالوں کے اور پچاس برس کے گناہ آئندہ سالوں کے بخش دیے جاتے ہیں۔

(۷) ۶ رکعت نفل:

یہ نفل بھی عاشورہ کے دن پڑھیں ۔ ہر رکعت میں بالترتیب یہ چھ سورتیں پڑھیں ، یعنی سورہ والشمس ، سورہ انا انزلنا ، اذا زلزلت الرض ، سورہ اخلاص ، سورہ فلق اورسورہ الناس ۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدہ میں جا کر قل یا ایھا الکافرون پڑھیں ۔

انعام الٰہی ---اللہ تبارک وتعالیٰ سے جو حاجت طلب کی جائے گی پوری ہوگی ۔

## (2)

# نوافل صفر المظفر

## (طریقہ ادائیگی اور انعامات الٰھیّہ)

(۱) ۴ رکعت نفل:

یہ نفل پہلی صفر المظفر کو بعد نماز عشاء ضرور پڑھیں ۔ پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف کے پندرہ بار سورہ کافرون ، دوسری میں پندرہ بار سورہ اخلاص ، تیسری میں پندرہ بار سورہ فلق اور چوتھی میں پندزہ بار سورہ ناس پڑھیں ۔ سلام کے بعد چند بار یہ پڑھیں :

اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡن

اور پھر ستر مرتبہ درود شریف پڑھیں ۔

انعام الٰہی ---اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ تبارک وتعالیٰ ہر بلا اور ہر

آفت سے محفوظ رکھے گا اس کا ثوابِ عظیم عطا فرمائے گا۔

(۲) ۲/ رکعت نفل:

یہ نفل صفر المظفر کی آخری بدھ کو صبح غسل کر کے چاشت کے وقت پڑھیں۔ ہر رکعت میں گیارہ گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں۔ سلام کے بعد ستر مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اور اس کے بعد یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ صَرِّفْ عَنِّيْ سُوْءَ هٰذَ الْيَوْمِ وَاعْصِمْنِيْ
مِنْ سُوْءِهٖ وَنَجِّنِيْ عَمَّا اَصَابَ فِيْهِ مِنْ
نَحُوْسَاتِهٖ وَكُرُبَاتِهٖ بِغَضَبِكَ يَادَافِعَ الشُّرُوْرِ
وَيَامَالِكَ النُّشُوْرِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى
اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الْاَمْجَادِ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ۔

(۳) ۲/ رکعت نفل:

یہ نفل بھی صفر المظفر کی آخری بدھ کو پڑھے جاتے ہیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے تین تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں۔ سلام کے بعد

۸۰/،۸۰/ بار یہ سورتیں پڑھیں سورہ الم نشرح، والتین، اذا جاء اور سورہ اخلاص۔

انعام الٰہی ---جو یہ نماز پڑھے گا اللہ تبارک وتعالیٰ اس نماز کی برکت سے اس کے دل کو غنی کردے گا۔

## (3)

# نوافل ربیع الاول

(طریقہ ادائیگی اور انعامات الٰھیّہ)

(۱) ۲۰/رکعت نفل:

پہلی تاریخ سے بارہویں تاریخ تک حضور انور ﷺ کی روح مبارک کو اس نماز کا ہدیہ بھیجتے رہیں۔ صحابہ کرام اور تابعین اور تبع تابعین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین بھی ان رکعتوں کا ثواب روح اقدس نبی ﷺ کو ہدیۃً بھیجا کرتے تھے۔ ہر رکعت میں اکیس اکیس بار سورہ اخلاص پڑھے۔ اگر روزانہ بارہ دن تک توفیق نہ ہو تو دوسری تاریخ اور بارہویں کو ۲۰/رکعت پڑھ کر روح پرفتوح حبیب اکرم محمد مصطفیٰ ﷺ کو ضرور ہدیہ کریں۔

انعام الٰہی ---اس نماز کے پڑھنے والوں کو حضور انور ﷺ نے خواب میں جنت کی بشارت دی ہے۔ وصال کے بعد حضور انور ﷺ کا دیکھنا اور بشارت دینا مثل زندگی کے ہے۔

(۲) ۱۶ رکعت نفل:

جب ربیع الاول کا چاند نظر آئے اس رات کو ۱۶ رکعت نفل پڑھیں دو دو رکعت کی نیت سے، ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ اخلاص تین تین بار پڑھیں، جب فارغ ہوں تو ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

بارہ دن تک بعد عشاء یہ نفل پڑھیں اور باوضو سویا کریں۔

انعام الٰہی---حضور انور ﷺ کی خواب میں زیارت ہوگی، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

## (4)

# نوافل ربیع الثانی

(طریقہ ادائیگی اور انعامات الٰھیہ)

(۱) ۴ رکعت نفل:

یہ نفل پہلی، پندرہویں اور انتیسویں تاریخوں میں پڑھیں ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ اخلاص پانچ مرتبہ پڑھیں۔

انعام الٰہی---جو یہ نفل پڑھے گا اس کے نامۂ اعمال میں ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور ہزار بدیاں ختم ہوتی ہیں اور چار حوریں پیدا ہوتیں ہیں۔

## (5)

# جمـــادی الاولیٰ

(طریقہ ادائیگی اور انعامات الٰھیّہ)

① ۴ ر رکعت نفل:

یہ نفل اس مہینہ کی پہلی رات میں پڑھیں ۔ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

انعام الٰہی ---اللہ تبارک وتعالیٰ نوے ہزار برس کی نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں درج کر دیتا ہے اور نوے ہزار برس کی بدیاں اس کے نامۂ اعمال سے دور کر دیتا ہے۔

## (6)

# نـــوافل جمادی الثانی

(طریقہ ادائیگی اور انعامات الٰھیّہ)

① ۴۔ رکعت نفل:

یہ نفل پہلی جمادی الثانی میں پڑھیں، ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ اخلاص تیرہ مرتبہ پڑھیں۔

انعام الٰہی ---اللہ تبارک وتعالیٰ ایک لاکھ نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھتا ہے اور ایک لاکھ بدیاں اس سے دور ہوتی ہیں۔

(۲) ۱۲ رکعت نفل:

یہ نفل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس مہینہ کی اول شب میں ادا کیا کرتے تھے۔ اس نماز کے لئے کوئی خاص سورتیں نہیں ہیں۔

## (7)

# نوافل رجب

### (طریقہ ادائیگی اور انعامات الٰھیّہ)

(۱) ۳۰ رکعت نفل:

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس مہینے میں ۳۰ رکعتیں (کسی بھی تاریخ کو) پڑھیں۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا "یا رسول اللہ" اس نماز کو کس طرح پڑھیں؟ تو فرمایا اے سلمان! رجب کی پہلی رات میں دس رکعت پڑھو اور ہر رکعت میں سورہ کافرون تین بار اور سورہ اخلاص تین بار اور نماز ختم کرنے کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ پڑھو:

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ

وَلَـهُ الْـحَـمْـدُ يُـحْيِىْ وَيُمِيْتُ

وَهُوَ حَیٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ

قَدِيْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا

مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَالْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ۔

پھر جب پندرھویں رات ہو تو دس رکعتیں پڑھیں، ہر رکعت میں تین بار سورہ کافرون اور سورہ اخلاص ایک بار اور نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر پڑھیں

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ
وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ
بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ اِلٰھًا وَّاحِدًا
صَمَدًا فَرْدًا وَتْرًا لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا۔

پھر دس رکعتیں آخر ماہ رجب میں پڑھیں، ہر رکعت میں سورہ کافرون تین بار اور سورہ اخلاص تین بار۔ نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر پڑھیں:

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ
وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ
بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ وَصَلَّی
اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

انعام الٰہی ---ان نوافل کو پڑھنے والا اللہ تبارک وتعالیٰ سے جو حاجت طلب کرے گا قبول ہوگی اور اللہ تبارک وتعالیٰ تمہارے اور دوزخ کے درمیاں ستر خندق حائل کر دے گا، ہر ایک خندق کی چوڑائی پانچ سو برس کی راہ ہوگی اور اللہ تبارک وتعالیٰ تمہارے واسطے ہر رکعت کے بدلے ہزار ہزار رکعت کا ثواب لکھے گا۔

(۲) چار رکعت نفل:

یہ نفل اسی مہینہ جمعہ کے دن نماز جمعہ اور نماز عصر کے درمیان ایک سلام سے پڑھیں ۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے آیۃ الکرسی ۷ / بار اور سورہ اخلاص ۵ / بار پڑھیں ۔سلام کے بعد:

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ۔

۲۵ / بار پڑھیں اس کے بعد:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَيْه ۔

سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھیں ۔اس کے بعد ۱۰۰ / مرتبہ درود شریف پڑھیں ۔

انعام الٰہی --- جو حاجت طلب کریں گے ضرور قبول ہوگی ۔

(۳) ۱۲ / رکعت نفل:

یہ نفل اس مہینہ کے پہلے جمعہ کو بعد مغرب کے چھ سلام سے پڑھیں ۔ اس مہینہ کے پہلے جمعہ کی رات کا نام لیلۃ الرغائب ہے ۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد انا انزلناہ تین بار اور سورہ اخلاص بارہ بار پڑھیں ۔نماز ختم کرنے کے بعد یہ درود شریف ستر بار پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰى اٰلِه وَسَلِّمْ

پھر سجدہ میں جا کر ستر بار یہ پڑھیں:

سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوحِ

پھر سر اٹھائیں اور ۷۰ مرتبہ کہیں:

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ تَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْاَعْظَمُ۔

پھر دوسرا سجدہ اسی طرح کریں۔

انعام الٰہی ---جو دعا کی جائے گی ان شاء اللہ قبول ہوگی۔

## (8)

# نوافل شعبان المعظم

(طریقہ ادائیگی اور انعامات الٰہیہ)

(۱) بارہ رکعت نفل:

یہ نفل شعبان کی پہلی رات میں پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورہ اخلاص پندرہ مرتبہ پڑھیں۔

انعام الٰہی ---اس نفل نماز کا بہت بڑا ثواب ہے۔

(۲) چار رکعت نفل:

یہ نفل پندرھویں شب کو پڑھیں۔ ہر رکعت میں پچاس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں اور پندرھویں دن روزہ رکھیں۔ اس مہینہ میں پندرھویں شب کی بہت ہی بڑی بزرگی ہے کہ رحمت کے فرشتے اترتے ہیں اور اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے۔ جو اس رات عبادت کرتا ہے اللہ تعالیٰ ان کے گناہ صغیرہ اور

کبیرہ بخشتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس رات میں نیکوں کو اور بدوں کو بخشتا ہے مگر نو آدمی نہیں بخشے جاتے:

(۱) جادوگر

(۲) نجومی

(۳) کینہ پرور

(۴) ماں باپ کو تکلیف دینے والا

(۵) شراب خور

(۶) زانی

(۷) ستار باجا رکھنے والا

(۸) قطع رحم کرنے والا

(۹) ظلم سے مال لینے والا

انعام الٰہی---اللہ تبارک وتعالیٰ پچاس برس کے گناہ معاف کرے گا۔

## (۳) چار رکعت نفل:

یہ نفل اس مہینہ کے ہر جمعہ کی رات کو پڑھیں۔ ہر رکعت میں تیس بار سورۂ اخلاص پڑیں۔

انعام الٰہی---حج وعمرہ کا ثواب ملے گا۔

## (۴) آٹھ رکعت نفل:

یہ نفل اس مہینہ کے ساتھ مخصوص ہیں۔ اس نفل کا ثواب خاتون جنت حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روح پر فتوح کو بخشیں۔ یہ آٹھ رکعتیں ایک سلام کے ساتھ پڑھیں ہر رکعت میں گیارہ گیارہ بار سورہ اخلاص پڑھیں۔

انعام الٰہی۔۔۔اس نفل پڑھنے والے کے لئے حضرت سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں:

''ہرگز قدم نہ رکھوں گی جنت میں جب تک کہ اس کی شفاعت نہ کروالوں گی''

## (9)

# نوافل رمضان المبارک

## (طریقہ ادائیگی اور انعامات الٰھیہ)

### ① چار رکعت نفل:

ہدایت: مسلمانوں کو لازم ہے کہ تراویح و دیگر نوافل سے رمضان کی راتوں کو آباد رکھیں۔ خصوصاً شب قدر میں یہ نفل ستائیسویں شب کو پڑھیں ہر رکعت میں بعد الحمد کے انا انزلناہ ایک بار اور سورہ اخلاص ستائیس مرتبہ پڑھیں۔

انعام الٰہی۔۔۔گناہوں سے ایسا پاک ہوگا کہ گویا وہ آج ہی پیدا ہوا ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ ہزار محل جنت میں عطا کرے گا۔

(۲) دو رکعت نفل:

شب قدر یعنی سائیسویں شب کو پڑھیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے انا انزلناہ ایک بار اور سورہ اخلاص تین بار پڑھیں۔

انعام الٰہی ---اللہ تبارک وتعالیٰ اس کو شب قدر کا ثواب عطا کرے گا اور اس کے روزے قبول کرے گا اور اس کو ثواب حضرت ادریس علیہ السلام، حضرت شعیب علیہ السلام، حضرت ایوب علیہ السلام حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کا عطا کیا جائے گا اور اس کو جنت میں مشرق سے مغرب تک ایک شہر عطا کیا جائے گا۔

(۳) چار رکعت نفل:

ہر رکعت میں بعد الحمد کے انا انزلناہ تین بار سورہ اخلاص پچاس بار پڑھیں اور بعد نماز سجدہ میں جا کر ایک بار کہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

انعام الٰہی ---رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کوئی سائیسویں رمضان کو یہ نفل پڑھے گا جو دعا مانگیں قبول ہوگی اور اللہ تبارک وتعالیٰ اس کو بے انتہا نعمت عطا کرے گا اور کل گناہ اس کے بخش دیے جائیں گے۔

## شب قدر کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّى يَا غَفُوْرُ يَا غَفُوْرُ۔

# (10)

# نوافل شوال

## (طریقہ ادائیگی اور انعامات الٰھیہ)

① چار رکعت نفل:

حدیث شریف میں آیا ہے کہ شوال کی پہلی رات یا دن میں نماز عید کے بعد چار رکعت اپنے گھر میں پڑھیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورہ اخلاص اکیس مرتبہ پڑھیں۔

انعام الٰہی---اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے لئے آٹھوں دروازے بہشت کے کھولے گا اور بند کرلے گا اس کے واسطے ساتوں دروازے دوزخ کے اور وہ شخص جب تک نہیں مرے گا۔ جب تک کہ وہ اپنا مکان جنت میں نہ دیکھ لے گا۔

② آٹھ رکعت نفل:

یہ آٹھ رکعت نفل ماہ شوال میں رات کو یا دن کو دو، دو کرکے پڑھیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورہ اخلاص پچیس بار پڑھیں ہر سلام کے بعد ستر مرتبہ سبحان اللہ اور ستر مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِيِّ
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

انعام الٰہی---اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے لئے رحمت اور حکمت کے

دروازے کھول دے گا اس کے دل میں اور اللہ تبارک وتعالیٰ جنت میں اس کے لئے بڑا مکان بنادے گا اور اس سے بڑا مکان کسی کا نہ ہوگا۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ اس کی ستر حاجتیں دنیا میں پوری کرے گا۔

## (11)

# نوافل ذی قعدہ

(طریقہ ادائیگی اور انعاماتِ الٰھیّہ)

① چار رکعت نفل:

یہ نفل پہلی ذیقعدہ کی شب کو پڑھیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے ۲۳ ر بار سورہ اخلاص پڑھیں۔

انعامِ الٰہی --- اللہ تبارک وتعالیٰ جنت میں چار ہزار مکان یاقوت سرخ کے بنادے گا اور ہر مکان کے اندر جواہر کے تخت ہوں گے اور اوپر ہر تخت کے حور بیٹھی ہوں گی کہ پیشانی اس کی آفتاب سے زیادہ روشن ہوں گی۔

② دو رکعت نفل:

اس مہینہ کی ہر رات کو یہ دو رکعت نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھیں۔

انعامِ الٰہی --- جو یہ نفل پڑھے گا اس نے ہر رات کو ایک شہید اور ایک حج کا ثواب حاصل کیا۔

③ چار رکعت نفل:

اس مہینہ کے ہر جمعہ کو پڑھیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے ۲۱ ر بار سورہ اخلاص پڑھیں۔

انعام الٰہی---اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے واسطے حج وعمرہ کا ثواب لکھتا ہے۔

④ ۱۰۰ ر رکعت نفل:

یہ نفل اس مہینہ میں جمعرات کے دن پڑھیں۔ ہر رکعت میں دس بار سورہ اخلاص بعد الحمد کے پڑھیں۔

انعام الٰہی---جس نے یہ نفل پڑھے، اس نے بے انتہا ثواب پایا۔

(12)

# نوافل ذی الحجہ

(طریقہ ادائیگی اور انعامات الٰھیّہ)

① چار رکعت نفل:

یہ نفل اول رات ذی الحجہ میں پڑھیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ اخلاص پچیس مرتبہ پڑھیں۔

انعام الٰہی---اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے پڑھنے والے کیلئے بے انتہا ثواب لکھتا ہے۔

(۲) دو رکعت نفل:

یہ نفل اول رات ذی الحجہ سے دسویں رات ذی الحجہ تک بعد وتر ون کے پڑھیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ کوثر اور سورہ اخلاص تین تین بار پڑھیں۔

انعام الٰہی---اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے پڑھنے والوں کو مقام اعلیٰ علیین میں داخل کرے گا اور اس کے ہر بال کے بدلہ میں ہزار نیکیاں لکھے گا اور ثواب پایا اس نے ہزار دینار صدقہ دینے کا۔

(۳) چار رکعت نفل:

یہ نفل ذی الحجہ کی کسی رات کی پچھلی تہائی میں پڑھیں۔ ہر رکعت میں آیۃ الکرسی تین بار اور سورہ اخلاص تین بار اور سورہ فلق اور سورہ الناس ایک ایک بار پڑھیں۔ نماز کے بعد اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھیں:

سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ ذِیْ
الْقُدْرَةِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ
الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ
حَیٌّ لَا یَمُوْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعِبَادِ وَالْبِلَادِ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَكًا عَلٰی كُلِّ حَالٍ
اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِیْرًا رَبَّنَا جَلَّ جَلَالُهٗ وَقُدْرَتُهٗ لِكُلِّ

مَکَان۔

اس کے بعد دعا کریں۔

انعام الٰہی---اس کے پڑھنے والے کے لئے اجر ہے جب کسی نے حج کیا بیت اللہ شریف کا اور نبی کریم ﷺ کے روضہ کی زیارت کی اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا اور جو دعا مانگے گے اس کو عطا کیا جائے گا۔

نوٹ: مندرجہ بالا چار رکعت نفل پہلی ذی الحجہ سے دسویں ذی الحجہ تک بھی اوپر دی گئی ترکیب سے پڑھ سکتے ہیں۔

۷ انعام الٰہی---جو یہ نفل پڑے گا اللہ تبارک وتعالیٰ اس کو فردوس اعلیٰ میں داخل کرے گا اور اس سے ہزار برائی مٹا دے گا اور کہا جائے گا کہ نئے سرے سے عمل کیے جائیں۔

۴ چھ رکعت نفل:

یہ نفل ذی الحجہ کے ہر جمعہ کے دن پڑھیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ اخلاص پندرہ بار پڑھیں۔تمام رکعتوں کے بعد دس بار یہ پڑھو:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمُلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْن۔

اس کے بعد دس بار درود شریف پڑھیں۔

انعام الٰہی--- اللہ تبارک وتعالیٰ اس سے پہلے کسی کو جنت میں داخل نہیں کرے گا۔

۵ ۱۰۰ ررکعت نفل:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عرفہ کی رات میں یعنی نویں رات کو یہ نفل ادا کریں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف سورہ اخلاص ایک بار یا تین تین بار پڑھیں۔

انعام الٰہی --- اللہ تبارک وتعالیٰ بخشے گا اس کے تمام گناہوں کو اور اس کے لئے جنت میں یاقوت کا سرخ مکان بنایا جائے گا۔

۶ دو رکعت نفل:

یہ نفل شب عرفہ میں پڑھیں۔ پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف کے سو مرتبہ آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورہ اخلاص سو مرتبہ پڑھیں۔

انعام الٰہی --- اس نماز کی برکت سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ستر آدمی اس کے ساتھ بخشے گا۔

۷ چار رکعت نفل:

یہ نفل دسویں شب کو پڑھیں، ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے ایک بار سورہ اخلاص ایک بار سورہ فلق اور ایک بار سورہ الناس پڑھیں بعد سلام ستر بار سبحان اللہ اور ستر بار درود شریف پڑھیں۔

انعام الٰہی --- اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے تمام گناہ بخش دے گا۔

⑧ چار رکعت نفل:

یہ نفل نماز عید الضحیٰ کے بعد گھر پر آ کر پڑھیں۔ پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورۃ الاعلیٰ ایک بار اور دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ الشمس ایک بار اور تیسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ اللیل ایک بار اور چوتھی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ الضحیٰ ایک بار پڑھیں۔

انعام الٰہی---جو یہ نفل پڑھے گا وہ تمام کتب آسمانی پڑھنے کا ثواب پائے گا۔

⑨ دو رکعت نفل:

یہ نفل قربانی کرنے کے بعد پڑھیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورۃ والشمس پانچ مرتبہ پڑھیں۔

انعام الٰہی---جو یہ نفل پڑھے گا وہ شخص حاجیوں کے ثواب میں شامل ہوگا۔ اللہ کے دربار میں اس کی قربانی قبول ہوگی اور قربانی کے ہر بال کے بدلے ثواب ملے گا۔

⑩ دو رکعت نفل:

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے عرض کیا، ''یارسول اللہ ﷺ اگر کوئی فقیر ہو اور اس کو قربانی کی توفیق نہ ہو تو کیا کرے''؟ تو فرمایا حضرت محمد الرسول ﷺ نے ''نماز عید کے بعد اپنے گھر میں آ کر دو رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورہ کوثر تین بار پڑھے''

انعام الٰہی--- اللہ تبارک وتعالیٰ اس کو اونٹوں کی قربانی کا ثواب عطا کرے گا۔



(حروف سازی: شیخ ذیشان احمد قادری، المختار پبلی کیشنز کراچی فون:7725150)

وَكُونُوا مَعَ الصّٰدِقِين

اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ

ادارۂ مسعودیہ کراچی
Idara-e-Mas'udia, Karachi